PR NO.02

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

قومی بچت بزرگ شہریوں، بیواؤں اور پنشنرز کی سہولت کے لئے اے ٹی ایم کارڈ جاری کرے۔وفاقی محتسب

قومی بچت میں شرعی اکاؤنٹ جون تک آپریشنل ہوجائے گا۔ڈی جی قومی بچت

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب سید طاہر شہباز نے سینٹرل ڈائریکٹریٹ برائے قومی بچت کو ہدایت کی ہے کہ وہ بزرگ شہریوں، بیواؤں اور پنشنرز کو سہولیات فراہم کرنے کے لئے بینکوں کی طرز پر ایسا نظام اپنائے کہ اس کے کسٹمرز جب چاہیں اپنے اکاؤنٹ سے ملک بھر میں جہاں سے چاہیں اپنا منافع وصول کرلیں۔انہوں نے کسٹمرز کو اے ٹی ایم کارڈ جاری کرنے کی بھی ہدایت کی۔وفاقی محتسب گزشتہ روز قومی بچت کے خلاف شکایات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں دونوں اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں قومی بچت کے ڈائریکٹر جنرل محمد خلیل کی طرف سے تفصیلی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ادارہ قومی بچت کی ملک بھر میں 376 برانچیں ہیں جن میں سے 372 کو مکمل طور پر کمپیوٹرائزڈ کردیا گیا ہے جب کہ چار برانچیں ملک کے دور دراز علاقوں میں ہیں جہاں کچھ مشکلات کا سامنا ہے اور جلد ہی انہیں بھی کمپیوٹرائزڈ کردیا جائے گا۔ڈائریکٹر جنرل نے اجلاس میں بتایا کہ قومی بچت میں شرعی اکاؤنٹ کے اجراء کے لئے تمام تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں اور وزارت خزانہ اور قومی بچت کے ساتھ اجلاس کے بعد اسے جون تک آخری شکل دے دی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ اکثر شہروں میں آٹومیشن سسٹم نصب کیا جاچکا ہے اور ملک بھر میں اس کا دائرہ کار بڑھایا جارہا ہے تاکہ لوگ کسی بھی برانچ سے اپنا منافع حاصل کرسکیں۔شہداء کے خاندانوں، بیواؤں، بزرگ شہریوں اور معذوری کے حامل افراد کو خاص طور پر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جب کہ اے ٹی ایم کارڈ ڈیزائن کرلئے گئے ہیں۔95 فیصد کام مکمل ہوچکا ہے، اسٹیٹ بینک نے کچھ شرائط عائد کی ہیں۔اسٹیٹ بینک اور فنانس ڈویژن کے ساتھ میٹنگ کرکے اسے جلد آپریشنل کردیا جائے گا۔وفاقی محتسب سید طاہر شہباز نے کہا کہ قومی بچت حکومت کو فنڈز فراہم کرنے والا ایک اہم ادارہ ہے جس کا نیٹ ورک بہت وسیع ہے اور وہ بزرگ شہریوں، بیواؤں اور پنشنرز کے لئے بچت کی متعدد سکیمیں پیش کرتا رہتا ہے جب کہ بزرگ شہریوں کو اپنے سیونگ سرٹیفکیٹ پر منافع وصول کرنے میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔وفاقی محتسب نے مارچ تک ایک جامع رپورٹ طلب کرتے ہوئے محکمہ کو کہا کہ مارچ کے پہلے ہفتے میں پیش رفت جاننے کے لئے اجلاس منعقد کیا جائے گا۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

20 جنوری 2021ء